Ramyur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۴۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۱ اپریل ۱۹۲۳ء	نمبر ۱۶

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۰ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب چیف سکرٹری بہادر ... انجنیئر صاحب کی تنخواہ موجودہ میں بائیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۵ اپریل ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب ... سکرٹری بہادر ... رخصت ... ڈاکٹر ...

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر حکم
۱	اضافہ ... انجنیئر صاحب	۱
۲	رخصت ڈاکٹر ... صاحب ...	۱و۲
۳	تبادلہ مولوی ناصر علی صاحب کورٹ انسپکٹر	۳
۴	اضافہ محمد حسین خان علاقہ دار ...	۴
۵	واجبات ...	۵
۶	نتیجہ امتحان مدرسہ عالیہ متعلق پنجاب یونیورسٹی	۶

سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ صدر کی ۱۰ اپریل ۱۹۲۴ء سے منظور فرمائی گئی

تبادلہ

۱۰ اپریل ۱۹۲۴ء

مولوی قاسم علی صاحب کورٹ انسپکٹر بوجہ منظوری ضمانت عالیہ سے مشرف ہو کر انکو صیغہ پولیس سے صیغہ آڈٹ مین بعہدہ ممبر بورڈ آف آڈٹ منتقل فرمائے گئے اور منشی وزیر علی خان صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ مولوی قاسم علی صاحب کی جگہ کورٹ انسپکٹر مقرر ہوئے۔ تنخواہ اپنی اپنی پائینگے۔

اضافہ

۱۵ اپریل ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر انہار۔ محمد یمین خان علاقہ دار کاکی کی تنخواہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار اور پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس مین پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ اب انکو مع الاؤنس ۵۰ ماہوار ملینگے۔

نقل حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۲ اپریل ۱۹۲۴ء

یکم مئی ۱۹۲۴ء سے جو انتظام ٹھیکہ نمک فروشی شہر کا برائے ٹھیکہ داران یکسال بنام روپ بہاری لال و خیراتی لال بحبیع مبلغ .... کیا گیا ہے اوسکی منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم سے ذریعہ حکم ۲ اپریل ۱۹۲۴ء صادر ہوگئی۔ لہذا یہ کاغذات حاکم صاحب صدر کے اجلاس مین بھیجکر لکھا جاوے کہ فوراً ٹھیکہ داران مذکور کو اپنے اجلاس مین بلا کر انسے اقرارنامہ حاصل کرلین کہ ابھی سے وہ اپنی انڈنٹ لگا کر ایسا انتظام کرلین کہ ختم اپریل تک اونکا نمک آجاوے اور یکم مئی سے وہ اپنا نمک بشرح مجوزہ ۱۲ مارچ فی روپیہ بیچنا شروع کرسکین اور اونسے زر ٹھیکہ کی امانت ضمانت بقدر دو ماہہ نقد داخل کرالی جاوے۔ اور روزنہ جات کی رقم ڈیوٹی تعدادی .... کی ضمانت بکفالت جائداد کرالیجاوے اور اطلاعی احکام اس ٹھیکہ کی منظوری کے بنام تحصیلدار حضور تحصیل و اصلباتی پولیس صدر فوراً جاری کرادئے جاوین۔ تفصیلی احکام بعد تکمیل ضمانت وغیرہ حسب قاعدہ بعد کو جاری ہوجاوینگے۔ ۳۰ اپریل تک موجودہ انتظام جو شہر و تحصیلات مین وسیوقت تک چل رہا ہے بدستور رہیگا۔ اور اسکے متعلق لکھمن لال و شیو نرائن ٹھیکہ داران گودام ذمہ دار ہوچکے ہین کہ آخر اپریل تک بقدر ضرورت نمک شہر و تحصیلات مین مہیا رکھین۔ اسقدر ترمیم کی ضرورت ہوگی کہ جو نمک ٹھیکہ داران گودام نے بموجب نرخ فی من کے منگوایا ہے اوسکی آمد پر وہ فوراً اطلاع کرین تاکہ اوسکا نرخ تبدیل کیا جاوے حاکم صاحب صدر ٹھیکہ داران گودام کا اقرارنامہ اس بابت حاصل کرلین اور تحصیلدار حضور تحصیل اسکی نگرانی رکھکر ذمہ دار رہین کہ جسوقت بیچک پر ڈیوٹی کا آدھے اس مین سے بلا ترمیم نرخ فروخت نہو سکے اور فوراً نرخ بدلوایا جاوے۔ نسبت انتظام سابقہ ایک حکم عام مجوزہ ۲۷ جولائی ۱۹۲۱ء اس بابت جاری ہوچکا ہے۔ کہ جملہ علاقہ ریاست مین بجز ٹھیکہ داران گودام کے اور کوئی شخص باہر سے نمک لاکر نہ بیچ سکے اور اہلکاران پولیس و تحصیل اسکی نگرانی رکھین اور جو شخص اسکا مرتکب ہو وہ مع نمک کے گرفتار کیا جاوے۔ اب چونکہ علاقہ تحصیلات مین حسب قواعد مصدورہ حال عام تجاران کو نمک لانے اور بیچنے کی اجازت ہوکر تحصیلات کا ٹھیکہ یکم مئی سے شکست کردیا گیا ہے لہذا حکم مجریہ سابقہ کے قیود تحصیلات کیلئے یکم مئی ۱۹۲۴ء اوٹھا دئے جاوین۔ البتہ صرف شہر کیلئے وہ عام قیود اور نگرانی اور گرفتاری نمک آمدہ طریقہ ناجائز کا عمل جاری رہیگا۔ اسلئے عام احکام جاری کرادئے جاوین اور پولیس و تحصیلات کو بھی اطلاع کردی جاوے۔ اور چونکہ حکم سابقہ درج گزٹ ہوچکا ہے لہذا یہ ترمیم بھی بخلاصہ الفاظ درج گزٹ کرادی جاوے۔ جسکا نفاذ یکم مئی ۱۹۲۴ء سے ہوگا۔

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

نقل حکم اجلاس حاکم صاحب صدر

اول بمنشائے حکم اجلاس اعلی احکام اطلاعی فوراً جاری ہون۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہونے کیلئے مطبع کو بھیجی جاوے۔ بعد اجرائے احکام اہلمد مثل ہذا کو ۱۰ اپریل کو پیش کرین۔

دستخط حاکم صاحب صدر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقعہ سے ضرور فائدہ اوٹھانا ہے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی ضخامت .... جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ....

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کی توحید و صفات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ....

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست بنام صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۹ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

نتائج پنجاب یونیورسٹی متعلق مدرسہ عالیہ مع درجات ماتحت چہارم پنجم ششم ملاحظہ ہوئے۔ درجہ منشی فاضل اور درجہ منشی عالم کا نتیجہ اچھا ہے۔ درجہ منشی کسیقدر کمزور ہے۔ اس درجہ مین خود شریک طلبار کے تعداد بھی کافی ہے اس پر بھی نتیجہ کا کمزور ہونا خرابی کار کا باعث معلوم ہوتا ہے۔ درجات ماتحت کا نتیجہ بھی اچھا ہے مولوی فاضل درجہ مین اس سال کوئی طالب علم شریک امتحان نہین ہوا ہے عدم شرکت کے وجوہ تغیر نصاب ظاہر کئے گئے ہین درجہ مولوی عالم کا نتیجہ اچھا ہے درجہ مولوی کا نتیجہ بھی اچھا ہے۔ مگر تعداد شرکا یان کم ہے بحیثیت مجموعی مدرسہ عالیہ کے درجات عربی و فارسی پنجاب یونیورسٹی کا نتیجہ بہتر ہے جو افسران متعلقہ مدرسہ عالیہ کے خوبی انتظام کا باعث ہے۔ بنا برین مدرسہ عالیہ کے حسن انتظام سے امید ہے کہ درجہ مولوی فاضل کی حالت اور عام کمزوریون کے رفع کرنے مین آئندہ سال سعی بلیغ کر کے تلافی مافات کی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا مع نتائج درجات ما فوق یا منشی و مولوی شاخ پنجاب یونیورسٹی مدرسہ عالیہ حسب رپورٹ جناب پرنسپل صاحب بغرض اشاعت گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور ایک نقل روبکار ہذا خدمت مین جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ کے مرسل ہو۔

(دستخط)

نتائج امتحانات شاخ پنجاب یونیورسٹی عربی و فارسی مدرسہ عالیہ

نمبر شمار	نام درجہ	اسمائے طلبار	پاس یا فیل
۱	منشی فاضل	سید شاہد علی مراد آبادی	پاس
۲	"	سید اختر حسن رضوی رامپوری	پاس
۳	"	سید حمید النبی رامپوری	پاس
۴	"	مرزا یوسف حسین رامپوری	پاس
۵	"	حضرت الدین پشاوری	پاس
۶	منشی فاضل	امجد علیخان رامپوری	پاس
۷	"	سید سراج الحسن ساکن امروہہ	پاس
۸	"	غلام احمد خان رامپوری	پاس
۹	"	سید امجد علی رامپوری	پاس
۱۰	"	رحمت اللہ پشاوری	فیل
۱۱	"	مشتاق علی رامپوری	فیل
۱۲	"	عبدالرحیم رامپوری	فیل
۱۳	"	صغیر مرزا رامپوری	فیل
۱۴	"	سید جواد علی بنگالی	فیل
۱۵	"	سید مرتضے علی بجنوری	پاس
۱۶	"	سید نجم الحسن رامپوری	پاس
۱	منشی	سید حامد شاہ رامپوری	پاس
۲	"	عاشق علیخان رامپوری	پاس
۳	"	سید عبد الباری رامپوری	پاس
۴	"	احمد علیخان سرحدی	پاس
۵	"	سید امداد علی رامپوری	پاس
۶	"	نیاز حسین رامپوری	پاس
۷	"	مقبول احمد رامپوری	پاس
۸	"	لیاقت علی رامپوری	پاس
۹	"	سید احمد علی رامپوری	پاس
۱۰	"	مرزا محمد جعفر کشمیری	فیل
۱	منشی	تشخیص احمد رامپوری	پاس
۲	"	اشتیاق حسین رامپوری	پاس
۳	"	شمس الاسلام رامپوری	پاس
۴	"	محمد حسین رامپوری	پاس
۵	"	امتیاز حسین رامپوری	پاس
۶	"	قاضی محمد علی رامپوری	پاس

نمبر	نام درجہ	اسماء طلبہ	پاس یا فیل
۷	منشی	محمد حنیف خان رامپوری	پاس
۸	″	محمد لطیف رامپوری	پاس
۹	″	سید منظور حسین	فیل
۱۰	″	سید محمد حسن	فیل
۱۱	″	منا جان خان	فیل
۱۲	″	سید صدیق حسن	فیل
۱۳	″	ممتاز احمد	فیل
۱۴	″	سید حسن	فیل
۱۵	″	سید ہادی حسین	فیل
۱۶	″	سید ابو الحسن	فیل
۱۷	″	نفیس احمد	فیل
۱۸	″	احمد جان خان	فیل
	مولوی فاضل	اس سال اس درجہ کا کوئی طالبعلم شریک امتحان نہیں ہوا۔	
۱	مولوی عالم	امتیاز علی خان	پاس
۲	″	نبی احمد خان	پاس
۳	″	سوار علی	پاس
۴	″	دیوان علی	فیل
۵	″	سید علی جواد	فیل
۶	″	سید احمد حسن	فیل
۱	مولوی	حبیب احمد	پاس
۲	″	محمد صنوبر علی	پاس
۳	″	عبد العزیز	فیل

اوپر کے بونا فائڈ طالبعلموں کے علاوہ بعض طالبعلم مدرسہ عالیہ ایسے بھی تھے جو کہ بطور خود اپنے پاس سے فیس ادا کر کے امتحان دیتے ہیں ان میں سے جو پاس ہونگے اگر ان کو ریاست سے فیس مل جاتی ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کا نتیجہ بھی ظاہر کر دیا جائے

نمبر شمار	نام درجہ	اسماء طلبہ	پاس یا فیل
۱	منشی فاضل	سید سجاد علی	پاس
۲	″	مرزا یوسف حسین	پاس
۳	″	اختر حسین عابدی	فیل
۴	″	عبد العزیز	فیل
۵	″	امتیاز علی	فیل
۶	″	محمد حنیف	فیل
۷	″	عشرت علی خان	فیل
۸	″	ابراہیم علی خان	فیل
۹	″	وراثت حسین	فیل
۱۰	″	شیخ محمد حسن	فیل
۱۱	″	محمد شاہ	فیل
۱۲	″	محمد اسمٰعیل	فیل
۱۳	″	عبد القیوم	فیل
۱	منشی عالم	محمد لیاقت علی	پاس
۲	″	سید احمد علی	پاس
۳	″	گوہر علی	فیل
۴	″	محمد نقی	فیل
۵	″	محمد امین	فیل
۶	″	محمد شفیع	فیل
۷	منشی	امتیاز حسین	پاس
۸	″	اشتیاق حسین	پاس
۹	″	محمد حسن	پاس
۱۰	″	محمد شفیق	پاس
۱۱	″	شمس الاسلام	پاس
۱۲	″	عبد اللطیف	فیل
۱۳	″	عاشق علی	فیل
۱۴	″	محمد حسن	فیل
۱۵	″	احتشام علی	فیل
۱۶	″	محمد عادل	فیل
۱۷	″	ہدایت علی	فیل
۱	مولوی عالم	نبی احمد خان	پاس
۲	″	امتیاز علی خان	پاس

[illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۴ لغایت ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	خصوصی تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵۰ ار	۱۰ ار			
نخود خالص			۱۶ ار	۱۵ ار			
نخود کشتہ آمیز			۱۵ ار	۲۰ ار			
کستہ			۰	۲۱ ار			
ماش			۰	۹ ار			
مونگ			۱۰ ار	۰			
مکئی			۱۶ ار	۱۲ ار			
جئی			۱۸ ار	۲۰ ار			
گوجئی			۱۵ ار	۰			
[illegible]			۱۷ ار	۲۰ ار			
ارہر			۲۰ ار	۰			
برنج			[illegible] ار	[illegible] ار			
روغن زرد			[illegible]	۰ ار			
روغن سیاہ			۱۰ ار	۱۰ ار			
روغن کنجد			۱ ار	[illegible] ار			
نمک سانبھر			۸ ار	[illegible] ار			
نمک لاہوری			۶ ار	۵ ار			
قند سیاہ			۰ ار	۸ ار			
[illegible]							

مطبوعہ [illegible] پریس ریاست [illegible]